© rasailojaraid.com



کیوں کہ اس مملکتِ خداداد میں نہ آئین ہے اور نہ ہی قانون نام کی کوئی چیز۔ اللہ کرے کہ ہمارا شمار بھی زندہ قوموں میں ہو۔ (تبصرہ: جاوید اختر بھٹی)

● کتاب: خطبۂ حجۃ الوداع، اسلامی تعلیمات کا عالمی منشور　مصنف: ابوعمار زاہد الراشدی
ضخامت: ۱۲۸ صفحات　قیمت ۶۰ روپے　ناشر: الشریعہ اکادمی، ہاشمی کالونی، کنگنی والا، گوجرانوالہ

مولانا ابوعمار زاہد الراشدی نے ''خطبہ حجۃ الوداع'' کے موضوع پر ۳ تا ۷ ستمبر ۲۰۰۷ء میں دار الہدیٰ سپرنگ فیلڈ ورجینیا (واشنگٹن) میں پانچ لیکچرز دیئے۔ جنھیں امریکہ میں مقیم ان کے فرزند ناصر الدین خان عامر نے قلم بند کیا۔ یوں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک پر آئے ہوئے ہر لفظ اور حرف نے بلندیوں کو پالیا۔ لوگ صدیوں سے ان لفظوں کے بارے میں سوچ رہے ہیں، ان پر غور کر رہے ہیں اور ان سے علم و دانش کی راہیں تلاش کی جاتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ جنھیں ہدایت دیتے ہیں وہ ان لفظوں سے رہنمائی بھی حاصل کرتے ہیں۔ جن لوگوں نے صدقِ دل سے ایسا کیا ان پر معنی کا جہان کھلتا چلا گیا۔ زاہد الراشدی صاحب نے بھی صدقِ دل سے خطبہ حجۃ الوداع سے رہنمائی حاصل کی۔ ان پر بہت کچھ روشن ہوا۔ اسی روشنی کو انھوں نے لوگوں میں عام کر دیا۔ ورنہ یہ گفتگو تو امریکہ میں چند افراد کے سامنے ہوئی تھی۔ اب کتاب آئی ہے تو آواز کو زندگی مل گئی ہے۔

راشدی صاحب فرماتے ہیں:

> ''جناب سرورِ کائنات، فخر موجودات، شفیع المذنبین، خاتم النبیین حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وازواجہ واتباعہ وسلم کا ہر ایک ارشاد، ہر جملہ اور ہر لفظ اہمیت کا حامل ہے۔ ہر ایک لفظ میں، ہر ایک جملے میں ہمارے لیے ہدایت اور رہنمائی کے بہت سے پہلو ہیں۔ لیکن جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہزاروں ارشادات عالیہ میں چند ارشادات کو بہت زیادہ اہمیت حاصل ہے، ان میں حجۃ الوداع کا خطبہ بھی شامل ہے۔''

اللہ تعالیٰ نے راشدی صاحب کی مدد فرمائی اور انھوں نے اس خطبہ کو یوں بیان فرمایا کہ ہدایت پانے والوں کے لیے آسانی ہوگئی۔ حدیث اور سیرت و تاریخ کی کتب سے اس کتاب میں خطبہ سے پہلے محمد عمار خان ناصر (راشدی صاحب کے فرزند) نے حدیث اور سیرت و تاریخ کی کتب سے خطبۂ حجۃ الوداع کی روایات کو یک جا کر دیا۔ زاہد الراشدی صاحب کے بقول: ''خطبۂ حجۃ الوداع کے اب تک شائع ہونے والے متون اور مجموعوں میں یہ زیادہ جامع اور باحوالہ ہے۔'' اس نیک کام میں راشدی صاحب کے لائق فرزند بھی شامل ہیں (ماشاء اللہ) اللہ تعالیٰ اس خاندان کو سلامت رکھے۔ بہت دیر تک یہ لوگ دین کی خدمت کرتے رہیں۔ (آمین) (تبصرہ: جاوید اختر بھٹی)

● کتاب: جامعہ حفصہ کا سانحہ (حالات و واقعات کا لائحہ عمل)　مصنف: ابوعمار زاہد الراشدی
ضخامت: ۱۳۰ صفحات　قیمت: ۶۰ روپے　ناشر: الشریعہ اکادمی، ہاشمی کالونی، کنگنی والا، گوجرانوالہ



© rasailojaraid.com